Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | بدھ ، 19 فروری 2024ء 8 شعبان المعظم 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 273

لاپتہ بلوچ طلبا کی بازیابی کا کیس

نگران وزیراعظم کی عدالت طلبی کا حکم ناجاری

عدالتی حکم پر عملدرآمد نہیں کیا اس لیے وزیراعظم، وزراء، سیکرٹریز کو طلب کر کے وضاحت طلب کرنے کے سوا کوئی آپشن نہیں بچا، اسلام آباد ہائیکورٹ

بلوچ طلبا کو بازیاب نہ کرانے پر انکے خلاف ایکشن کیوں نہ لیا جائے، یہ پھلوز وزیراعظم، وزیر داخلہ و دفاع اور دونوں سیکرٹریز کو مس کنڈکٹ کا مرتکب بناتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے لاپتہ بلوچ طلبا کی بازیابی سے متعلق کیس میں نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کو 19 فروری کو طلبی کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کی جانب سے جاری تحریری حکامات میں کہا گیا کہ وزیراعظم پاکستان، وزیر داخلہ، وزیر انسانی حقوق اور وزیر دفاع 19 فروری کو 10 بجے عدالت میں پیش ہوں، متعلقہ وزارتوں (بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی صوبائی کابینہ کے 11 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 84 ارب کا اضافہ، نیپرا کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

ملک بھر میں 1100 میگاواٹ کے کنکشنز ریرائٹو ہیں، نیپرا حکام

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے رواں مالی سال کی دوسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی صارفین پر 84 ارب روپے کا اضافی بوجھ ڈالنے کی بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی درخواست پر سماعت کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ نیپرا میں رواں مالی سال 2023-24 میں اکتوبر تا دسمبر دوسری سہ ماہی کے لیے ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی صارفین کے لیے درخواست پر سماعت ہوئی۔ نیپرا حکام نے بتایا کہ اس سہ ماہی میں بجلی کی لاگت 12 سے 13 فیصد کم ہوئی ہے (بقیہ نمبر 2)

آرٹی او راولپنڈی خرم علی 15 دن کی رخصت پر چلے گئے

سوشل میڈیا پر آر پی او راولپنڈی کے اچانک منظر سے غائب ہوئے کو سابق کمشنر راولپنڈی لیاقت چٹھہ واقعہ سے جوڑا جانے لگا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) آر پی او راولپنڈی سید خرم علی 15 دن کی چھٹیوں پر ملک رخصت پر چلے گئے۔ ان کے محکمے سے بریگیڈیئر رضوان (بقیہ نمبر 5)

پارٹی فیصلہ کریگی، وزیراعلیٰ بلوچستان کون بنے گا، سرفراز بگٹی

پیپلز پارٹی وفاق کی جماعت ہے اسی لیے چاروں صوبوں سے نمائندگی ملی، سابق وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر داخلہ سرفراز بگٹی نے پارٹی بلوچستان میں حکومت بنانے کی اطلاعات ہیں اور وہ 12 مارچ کو واپس آئیں گے۔ کمشنر راولپنڈی (بقیہ نمبر 4)

پیپلز پارٹی وفاقی حکومت میں شمولیت پر آمادہ

دونوں پارٹیوں کے رہنماؤں نے اختیارات کی تقسیم کے فارمولے کو حتمی شکل دینے کیلئے (آج) کو دوبارہ اجلاس کا فیصلہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت سازی کے حوالے سے مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان مذاکرات میں پیپلز پارٹی نے وفاقی حکومت میں شامل ہونے پر رضامندی ظاہر کر دی۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 3)

الیکشن شفاف کرائے

کمشنر راولپنڈی کے الزامات کی تردید

ہم نے انتخابات قواعد اور الیکشن ایکٹ کے تحت شفاف اور حلف کے تحت کرائے ہیں اور ہمارے اوپر کسی کا دباؤ نہیں تھا، ڈپٹی ریٹرننگ افسران کی لیاقت علی چٹھہ کے الزامات کی تردید

میں نے کمشنر پنڈی کا چارج سنبھالا ہے اور الیکشن میں کمشنر کا کوآرڈینیشن کے علاوہ کوئی کردار نہیں ہے، سابق کمشنر کے الزامات کی آزادانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ کمشنر راولپنڈی سیف اللہ نورچہ

ہم نے الیکشن ایکٹ کے تحت انتخابات کرائے ہیں، ڈی آر او راولپنڈی حسن وقار چیمہ، ڈی آر او راولپنڈی قراۃ العین، ڈی آر او اٹک راؤ عاطف رضا، ڈی آر او جہلم کیپٹن (ر) سمیع کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کے الزامات کے بعد ان کے زیر انتظام الیکشن کرانے والے تمام اختلاع کے ڈپٹی ریٹرننگ افسران (ڈی آر اوز) نے دعا مانگی کہ الزامات کے تحت شفاف اور حلف کے تحت کرائے ہوئے ہمارے اوپر کسی کا دباؤ نہیں تھا۔ راولپنڈی میں لیاقت علی چٹھہ کے الزامات کے بعد تفتیات ہونے والے کمشنر (بقیہ نمبر 8)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے سابق سٹار کرکٹر جاوید میانداد ملاقات کر رہے ہیں

صدر اور اسپیکر قومی اسمبلی کا عہدہ بھی پیپلز پارٹی کے پاس ہوگا

پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز سے مذاکرات پر پی ٹی آئی میں اختلافات

حکومت سازی کیلئے پرویز خٹک اور محمود خان کی پارٹی کا سہارا لینا مناسب نہیں

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے عہدے کے لیے پیپلز پارٹی کی حمایت کا فیصلہ کیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے ذرائع نے بتایا کہ صدر اور اسپیکر قومی اسمبلی کا عہدہ بھی پیپلز پارٹی کے (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹیرینز اور پی ٹی آئی کے مذاکرات میں تحریک انصاف کے رہنماؤں میں اختلافات سامنے آگئے۔ ذرائع کے مطابق ہزارہ اور ملاکنڈ ڈویژن کے رہنماؤں نے پی ٹی آئی پی کے مذاکرات پر تحفظات کا اظہار کیا، پی ٹی آئی رہنماؤں نے قیادت کو واضح اپنے تحفظات سے آگاہ (بقیہ نمبر 6)

چیئرمین پی اینڈ ڈی بی کی زیر صدارت پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کا پہلا اجلاس

چیئرمین پی اینڈ ڈی بی افتخار علی ساہوکا پراجیکٹ کے سالانہ ورک پلان کے حوالے سے ایجنڈے کے آخر کا جائزہ

سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر، ڈی جی ڈی سی ای او PPIF و پاپولیشن ویلفیئر کے علاوہ دیگر افسران کی شرکت

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کا پہلا اجلاس چیئرمین پی اینڈ ڈی بی افتخار علی ساہو کی زیر صدارت ہوا۔ چیئرمین پی اینڈ ڈی بی افتخار علی ساہو نے پراجیکٹ کے سالانہ ورک پلان کے حوالے سے ایجنڈے کے آخر کا بغور جائزہ لیا۔ اس موقع پر سلمان اعجاز سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، ڈاکٹر عائشہ الطاف کے علاوہ (بقیہ نمبر 10)

پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کے پہلے اجلاس کی صدارت چیئرمین پی اینڈ ڈی بی افتخار علی ساہوکر رہے ہیں۔ اس موقع پر سلمان اعجاز سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، ڈاکٹر عائشہ الطاف کے علاوہ دیگر افسران بھی موجود ہے۔

سینیٹر مشاہد کا پاکستان کیلئے روس کی خیرسگالی کے جذبے کا خیر مقدم

پاکستان کے بنیادی مفادات خطے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں، مشاہد حسین سید

ماسکو (این این آئی) سینیٹ کی دفاعی کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر مشاہد حسین نے جو ٹھکران پوائنٹ ریشیا ایکٹو کی دعوت پر روس کا دورہ کر رہے ہیں کے سابق صدر دمتری میدویدیف (جو صدر پیوٹن کے بعد دوسرے نمبر پر ہیں) اور وزیر خارجہ لاورو سے ملاقات کی۔ انہوں نے تشکیل شدہ انٹرنیشنل فورم فار ریزیم آف سینشنز میں بھی شرکت کی جہاں (بقیہ نمبر 24)

مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما ملک احمد خان، عطاء اللہ تارڑ، عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کمشنر راولپنڈی کے الزامات، آسان معاملہ ہے

راولپنڈی کے تمام بیلٹ باکس کھولے جائیں، خورشید شاہ

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما خورشید شاہ نے کمشنر راولپنڈی کے الزامات کے ردعمل میں کہا ہے کہ آسان معاملہ ہے، راولپنڈی کے تمام بیلٹ باکس کھول دیئے جائیں۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ (بقیہ نمبر 25)

پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس رولز ترمیم کی منظوری

اجلاس میں امن وامان کی صورتحال کا جائزہ، وزیراعلیٰ محسن نقوی کی عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام ضروری اقدامات کی ہدایت

پی ایس ایل 9 کے سیکورٹی پلان کے ایس او پیز پر 100 فیصد عملدرآمد کی ہدایت، قانون کی عملداری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، محسن نقوی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت وزیراعلیٰ آفس میں صوبائی کابینہ کا 41 واں اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی کابینہ نے پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس رولز میں ترمیم کی منظوری دی۔ اجلاس میں نگران صوبائی کابینہ کے 39 ویں اجلاس کے فیصلوں کی توثیق کی گئی۔ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں صوبے میں امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انسپکٹر جنرل پولیس وائرلیس ڈیپارٹمنٹ، جسٹس رائے ، ڈی جی ڈی سی ای او PPIF و پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، ڈاکٹر عائشہ الطاف کے علاوہ (بقیہ نمبر 10)

پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد ارکان کا سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے آزاد اراکین اسمبلی نے بلیس وحدت المسلمین (ایم ڈبلیو ایم) کے بجائے سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع نے دعویٰ کیا کہ سابق وزیراعظم و پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان نے پارٹی کے حمایت یافتہ آزاد اراکین کی سنی اتحاد کونسل میں شمولیت (بقیہ نمبر 26)

حادر رضا کی پی ٹی آئی سے اتحاد کے معاملات طے پانے کی تصدیق

بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ڈٹ کر کھڑا ہوں، سربراہ سنی اتحاد کونسل

اسلام آباد (این این آئی) سنی اتحاد کونسل کے سربراہ صاحبزادہ حامد رضا نے پاکستان تحریک انصاف سے اتحاد کے معاملات طے پانے کی تصدیق کر دی۔ جی ٹی وی (بقیہ نمبر 11)

پولیس اہلکار کے جھگڑے میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

اسلام آباد پولیس اہلکار کو مشتبل کرکے مزید تفتیش جاری ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان اسلام آباد پولیس نے کہا ہے کہ تھانہ ٹیرہ پٹرول کے حدود میں پولیس اہلکار کے جھگڑے میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق لڑائی کے دوران فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوا (بقیہ نمبر 3)

پیشاور، جائیداد کے تنازع پر فائرنگ، 4 افراد جاں بحق

پیشاور (این این آئی) پیشاور کے علاقے تھانہ داورنڈی کی حدود وزیر قلعہ میں جائیداد کے تنازع پر 2 فریقین نے ایک دوسرے پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں۔ ابتدائی تفصیلات میں بتایا گیا کہ جائیداد کے تنازع کی وجہ سے فریق اول حیدر علی اور فریق دوم کلیم ایک دوسرے پر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ ابتدائی تفصیلات کے مطابق اطلاع ملتے ہی (بقیہ نمبر 12)

ضلعی انتظامیہ اور مجسٹریٹین کا مافیاز مہنگائی دستاویز آسمان پہنچا دی

سبزی فروٹ منڈیوں اور ہول سیل مارکیٹوں پر عدم کنٹرول اور ملی بھگت سے جڑواں شہروں میں من مانی قیمتیں

آئل گھی، چینی بیکٹ میں فروخت، فلور ملز نوں سستی گندم لینے کے باوجود معیاری سستا آٹا عوام کو نہیں دے رہیں

اگر دالوں کو دیکھا جائے تو فی کلو پانچ روپے دس میں روپے کلو کی بجائے پچاس سے سو روپے فی کلو تک منافع کمایا جا رہا ہے

مہنگائی مافیا اور ذخیرہ اندوزوں پر آہنی ہاتھ ڈالا جائے اور اس میں ناکام افسران نوکری چھوڑ جائیں، عوامی حلقے

راولپنڈی (عبدالرحمان) ضلعی انتظامیہ اور کام کی تجربہ انکشن میں دیکھ کر نا جائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں نے مہنگائی کو مزید ساتویں آسمان تک پہنچا دیا۔ پھلوں سبزیوں کی قیمتیں منڈی کی تاریخ کو شیخر مار میں مہنگی ہو گئی۔ اگر انتظامیہ اپنی نگرانی میں بولی کروائے اور اس کا جائز منافع زکو کے ریٹ لسٹ جاری کرے اور پھر اسی طرح سبزیوں اور فروٹ بیچنے کی کسی کو رعایت نہ دیں کی تو شاید انتظامیہ میں موجود بعض راشی کالی بھیڑوں کی سیدھی بکتی (بقیہ نمبر 4)

درخت زندگی کو بہتر بناتے ہیں اور انسان کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں

این سی بی سی کے زیر اہتمام موسم بہاراں شجر کاری مہم کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

راولپنڈی (این این آئی) درخت گلشن اور انسانوں کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں کیونکہ وہ زندگی کو بہتر بناتے ہیں اور درخت ماحول (بقیہ نمبر 20)

پی پی آئی ایف ڈیلیوری سسٹم بہتر صحت کی سہولیات کی فراہمی کو فوکس کر رہا ہے، شمن

لوگوں میں شعور آگاہی اور لوگوں کو خاندانی منصوبہ بندی کی معیاری خدمات تک مفت رسائی کی فراہمی اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات میں گھمبڑ ہٹ کے معیار کو ادارہ جاتی شکل دی جا رہی ہے

نوجوانوں کو چھوٹے خاندان کی اہمیت وافادیت کا جدید کمیونیکیشن کے ذریعے معلومات کی فراہمی وقت کا اہم تقاضا ہے، ڈی جی پاپولیشن ویلفیئر

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی ایف و ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ شمن رائے نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں پی پی آئی ایف خاندانی منصوبہ بندی کو بہتر بنانے کے ذرائع اور اس کے استعمال سے آبادی میں اضافے کو کم کرنے پر جتنی توجہ دی گئی ہے اس کے نتائج بہت حوصلہ افزا ہیں۔ اس امر کا اظہار انہوں نے میڈیا روم میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ (بقیہ نمبر 27)

پانچ اشتہاری مجرمان سمیت 10 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

پولیس نے غیر قانونی پٹرول فروخت کرنے پر ملزم احمد شفیق کو گرفتار کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹیکول پولیس نے 24 گھنٹوں کے دوران پانچ اشتہاری مجرمان سمیت 10 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ٹیکول ٹی پولیس کا افسر ڈاکٹر کبریٰ صرغال کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد ٹیکول پولیس کا ضلع بھر میں (بقیہ نمبر 29)

حمل کے دوران یہ 2 چیچک گیاں بچوں میں دل کی صحت متاثر کر سکتی ہے، ماہرین

اوہائیو (این این آئی) ماہرین کی ایک ٹیم نے حمل کے دوران پیش آنے والی 2 عام چیچک گیوں کی نشاندہی کی ہے جو مستقبل میں بچے کے دل کی صحت کو متاثر کر سکتی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک (بقیہ نمبر 28)

طوفان الاقصیٰ کوئز مقابلہ سو کے قریب مرد و خواتین نے حصہ لیا

قرآن کتاب ہدایت ہے اس کو سمجھ کر پڑھیں اور اس کی روشنی میں اپنے مقصد زندگی کا تعین کریں

گوجر خان (قمر شہزاد) طوفان الاقصیٰ کوئز مقابلے کے انعقاد پر پی ایچ ڈی یونیورسٹی کوچرہ گوجر خان کے طلبہ کو انعام دیتے ہوئے امیر جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی رانا محمد جواد، امیر جماعت اسلامی گوجر خان زاہد حسین قریشی، صدر الخدمت فاؤنڈیشن (بقیہ نمبر 30)

ٹرم شیر زمان کا مرزا اختیار بیگ کو نااہل کرنے کا مطالبہ

آئین کے آرٹیکل 63 ون کے تحت مرزا اختیار بیگ کو نااہل قرار دیا جائے، ٹرم شیر زمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ٹرم شیر زمان نے قومی اسمبلی کے حلقے این اے 241 سے کامیاب ہونے والے امیدوار مرزا (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی، 17 ملزمان گرفتار، 950 س زائد چنگیں اور ڈوریں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے چنگ بازی کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 17 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 950 سے زائد چنگیں اور ڈوریں برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 15)

حکومت سازی کی مہم، ایم کیو ایم پاکستان 3 کو رکنی وفد (آج) اسلام آباد جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت سازی کی مہم کے حصہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم) کا 3 رکنی وفد (آج) بروز اسلام آباد جائے گا۔ ذرائع مطابق ایم کیو ایم پاکستان کے وفد میں گورنر سندھ، مصطفیٰ کمال (بقیہ نمبر 16)

راجہ مجاہد افسر ڈٹ مرت کی ڈاکٹر سونیا رفیق کو مبارکباد

ڈاکٹر سونیہ رفیق انتہائی محنتی اور قابل خاتون ہیں جنہوں اپنی قابلیت کا لوہا منوایا ہے

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) ممتاز سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر ڈٹ مرت کی ڈاکٹر سونیا رفیق کو لاہور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سٹیٹرنگ اینڈ ایلویشن یونٹ وگ ہیڈ آفس لاہور تقرری پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر سونیہ رفیق انتہائی محنتی اور قابل خاتون ہیں انہوں نے ہماری یونین کونسل میں قائم ایلیجیبل ویلفیئر دونوں اسکولوں میں طلبہ (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی، 6 ملزمان کو قبضہ اسلحہ و ایمونیشن برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) پولیس ہارڈ ویئر پولیس نے قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ و ایمونیشن برآمد کر کے مقدما درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایئرپورٹ پولیس نے ملزم اجمل ولد 470 کلو گرام چرس، وسیم رنج پولیس نے ملزم نعمان (بقیہ نمبر 2)

نارل چڑیا کو آپریشن میں کنورٹ کرنے والوں کو جھٹکا

گوجر خان ویلفیئر فاؤنڈیشن یو کے کے اشتراک سے فری میڈیکل ہوم کا افتتاح

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان ویلفیئر فاؤنڈیشن یو کے کے زیر انتظام مفرق میڈیکل ہوم کا شاندار افتتاح بدھ کی پہلا موٹر فرماد وق پلازہ میں کر دیا گیا افتتاحی تقریب میں تاجر رہنما مرزا خان ، امین مرزا (گلا سکو (بقیہ نمبر 23)

کیس دنیا بھر میں مہنگی ہے احتیاط سے استعمال کرنا ہوگا

صارف کو شکایت ہے تو اگر یا عدالت سے رجوع کر سکتا ہے، گیس ٹیرف اور دیگر ٹیکس حکومت نے لگائے ہیں، حکام سوئی ناردرن

اس ماہ اور اسلا 5 سے 9 ہزار روپے فی مہینہ بل بھجوائے گئے، کلکٹ چارجز کے نام پر فی میٹر 2 ہزار روپے ٹیکس وصول کیا گیا

لاہور (این این آئی) سوئی ناردرن گیس کمپنی سیمار لمیٹڈ کی جانب سے اور بلنگ کی شکایات کی جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس ماہ اسلا 5 سے 90 ہزار روپے فی مہینہ بل بھجوائے گئے، کلکٹ چارجز کے نام پر فی میٹر 2 ہزار روپے ٹیکس وصول کیا گیا، میٹر کا کرایہ، جی ٹی ایس اور اضافی چارجز الگ ہیں۔ صارفین نے کہا کہ ریوٹ کا ٹیرف کیا گیا ہے، بجلی کی ہائی سلیب میں چلا (بقیہ نمبر 9)

کمشنر راولپنڈی کے تمام پٹرول پمپ سیل کرنے کا حکم

ڈی سی راولپنڈی کا پٹرول پمپ کا دورہ، 3 پمپ سیل کر دیئے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) محمد عامر نے ڈی سی راولپنڈی کے ہمراہ پٹرول پمپ کا دورہ کیا۔

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Laikaar
عوام کی بے باک ترجمان
ادارہ تحریر: فیض احمد فیض

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سندھ طاس معاہدے پر عمل ناگزیر

پاکستان نے آبی بحران سے نمٹنے کے لیے 1960 کے سندھ طاس معاہدے پر سختی سے عمل درآمد کا مطالبہ کیا ہے۔ اس حوالے سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ پاکستان دریائے سندھ کے طاس کو محفوظ بنا رہا ہے جو ساڑھے پانچسو کروڑ سے زائد لوگوں کے لیے غذائی تحفظ کی ضمانت ہے۔ پانی کسی بھی زرعی ملک کی لائف لائن ہوتا ہے اور پاکستان بنیادی طور پر زرعی ملک ہے۔ ایوب خان کے دور میں سندھ طاس معاہدہ طے پایا تھا، اگر جمہوری حکومت ہوتی تو ہوسکتا ہے کہ ایسا معاہدہ کرنے سے گریز کرتی جس معاہدے کے ذریعے پاکستان کے کئی دریا بھارت کے حوالے کردیے گئے اور بھارت سے امید رکھی گئی کہ وہ سندھ طاس معاہدے کے مطابق پاکستان کے حصے کے پانی پر تسلط قائم کرنے کی کوشش نہیں کرے گا۔ اس معاہدے کے بعد سے دریائے راوی، دریائے ستلج اور دریائے بیاس میں ریت اڑ رہی ہے۔ شدید بارشیں ہوتی ہیں تو بھارت ان دریاوں میں پانی چھوڑ دیتا ہے جو پاکستان میں سیلاب کی صورت میں تباہی مچاتا ہے اور عام دنوں میں جب پاکستان کو فصلوں کے ساتھ ساتھ انسانوں اور جانوروں کے پینے کے لیے پانی کی ضرورت ہوتی ہے تو بھارت ان دریاوں کا پانی روک لیتا ہے۔ سندھ طاس معاہدے کے بعد کئی دریاوں کو ایک دوسرے سے منسلک کیا گیا لیکن تین دریاوں کے پانی کی کمی اس طرح دور نہیں ہوسکتی۔ اس دور میں جو غلطیاں ہوگئیں ان کو درست تو نہیں کیا جا سکتا مگر ورلڈ بینک جو اس معاہدے کا ضامن تھا اسے اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے پاکستان کے حصے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا چاہیے۔ بین الاقوامی یا عالمی معاہدے ختم نہیں کیے جاسکتے مگر اپنے حق سے دستبردار ہونے کا مطلب ملک کو قحط سالی سے دوچار کرنا ہے۔ اوپر سے موسمیاتی تبدیلیوں کا بھی یہی تقاضا ہے کہ پانی کی کمی کو دور کرنے کا اہتمام کیا جائے۔ اس کے لیے بھارت کو معاہدے پر عمل کا پابند بنانا ضروری ہے اور اس ضمن میں عالمی اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہمیں غذائی قلت کے خدشات سے بھی نمٹنا ہے۔ بھارت سے اپنے حصے کے پانی کی دستیابی کی کوششوں کے ساتھ ساتھ کالا باغ ڈیم سمیت دیگر ڈیموں کی تعمیر کی طرف بھی توجہ دینا ہوگی۔

"بلی کے گلے میں گھنٹی کون باندھے گا"

تحریر: انجاز علی ساغر
اسلام آباد
Twitter: @SAGHAR1214

ذوالفقار علی بھٹو کے بعد پیپلز پارٹی کو ایک مرتبہ پھر ایک ایسا لیڈر میسر آیا جو اپنی ذہانت اور فراست کے بل بوتے پر پاکستان کی تاریخ کا دھارا بدل سکتا تھا۔ آج کے نوجوان شاید اس بات سے واقف نہیں کہ ذوالفقار علی بھٹو کی شہادت کے بعد پیپلز پارٹی کو

آئیکونیک بجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 19 فروری 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

کالونی، پلاٹ نمبر 5 ، 22 رائیز، بھوجہ سٹی ۔ 11 ایکڑ سٹی، جاوید سہالہ کالج، ایبٹ آباد، کیڈٹ کالج، سیکٹر کمرشل، سیکٹر کمرشل، ڈیوٹی ریٹ ہوٹل، ڈیوٹی ریٹ ہوٹل، ڈی ایم جی ہاؤسز، ایف 6 ، ایف 7 ، ایف 8 ، ایف 9 ، ایف 10 ، ایف 11 ، ایف 16 ، ایف 17 ، ایف 18 ، ایف 19 ، ایف 20 ، ایف 21 ، ایف 22 ، ایف 23 ، ایف 24 ، ایف 25 ، ایف 26 ، ایف 27 ، ایف 28 ، ایف

علی امین گنڈاپور کا خواتین کی مخصوص نشستوں کیلئے عدالت جانے کا اعلان

18 ویں ترمیم میں اپنے سارے اختیارات استعمال کریں گے، ہم خیرات نہیں مانگ رہے، صوبے کا حق لیکر رہیں گے، نامزد وزیراعلیٰ 9 مئی ہم نے نہیں کیا، کروایا گیا تھا، وقت آیگا ثابت کریں گے کہ 9 مئی کس نے کروایا، 9 مئی کو لیڈر شپ اپنے کارکنوں کو منع کرتی رہی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور نامزد وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے خواتین کی مخصوص نشستوں کے لیے عدالت جانے کا اعلان کر دیا۔ سینئر صحافیوں کے ساتھ ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریگولر اور سپیشل سیاسی جماعت ہیں مگر ہونے پر کام کریں گے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ 18 ویں ترمیم میں اپنے سارے اختیارات استعمال کریں گے، ہم خیرات نہیں مانگ رہے، صوبے کا حق لیکر رہیں گے، ہمیں کرنے کے طریقے سے وقت ہے پہلے ہوت